Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منظوم سوانح

شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء

حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لاأبالی الجیلانی فقیرؔ

المعروف حضرت پتھر والے صاحب قدس اللہ سرہ العزیز

شہ گزار

۱۴۴۱ھ

مصنف: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

سن تحریر ۱۱ر صفر المظفر ۱۳۷۶ھ مطابق 1956ء

ترتیب، تدوین وحل اللغات

قطمیرِ غوث اعظم ﷺ ولطیف لاأبالی ﷺ

ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لاأبالی الجیلانی سجادؔ

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد دکن (الھند)

زیر اہتمام

سید عبدالمستعان قادری لاأبالی الجیلانی محیؔ باشاہ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Quadri Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Malik Syed Ahmed Digitization eGangotri

شکرگزار

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rehman Quadri Digitization eGangotri
Collection of Late Mohammed Saleh Quadri
Hazrat Hadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

منظوم سوانح

شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء

حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لاأبالی الجیلانی فقیرؔ

المعروف حضرت پتھر والے صاحب قدس اللہ سرہ العزیز

شُکر گزار

۱۴۴۱ھ

مصنف: محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ

سن تحریر ۱۱ر صفر المظفر ۱۳۷۶ھ مطابق 1956ء

ترتیب، تدوین وحل اللغات

قطمیرِ غوثِ اعظم ﷺ ولطیف لاأبالی رضی اللہ عنہ

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لاأبالی الجیلانی سجادؔ

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد دکن (الہند)

••स्कैन/Scanned••

زیر اہتمام

سید عبدالمستعان قادری لاابالی الجیلانی محیؔ پاشاہ

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qudrat Digitized by eGangotri

کتاب کے بارے میں

یکے از مطبوعات دار الھدی سلسلہ نمبر 70

نام کتاب	:	شکر گزار
مصنف	:	محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ
مرتب	:	ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا اُبالی الجیلانی
سنہ اشاعت	:	۱۱ ربیع الثانی ۱۴۴۱ھ مطابق 9 ڈسمبر 2019ء
تعداد صفحات	:	40
تعداد اشاعت	:	1000
قیمت	:	100
کتابت	:	محمد جاوید در مطبع دار الھدی
سرورق	:	حافظ محمد انوار اللہ صاحب
طباعت	:	مطبع دار الھدیٰ، مستعد پورہ، حیدرآباد۔
ناشر	:	دار الھُدیٰ پبلیشر

13-4-486, بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب ،
مستعد پورہ ، کاروان ، حیدرآباد۔500 006۔
تلنگانہ اسٹیٹ۔الھند۔

فون نمبر: 040-2482 9438, 0091-9396354301,
8686223494, 8099574487

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudrat Digitization eGangotri

رسم اجراء بدست

محترم المقام امین ملت محمد احمد الدین اویسی صاحب مدظلہ العالی (مدینہ منورہ)۔

حقوق

اس کتاب کے مکمل حقوق مطبوعات دارالہدیٰ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب مستعد پور حیدرآباد کے حق میں محفوظ ہیں کوئی فرد، ناشر، مطبع یا کمیٹی، ادارہ دارالہدیٰ یا سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب کی اجازت کے بغیر کتاب یا کسی حصہ کو طبع کرنے کی زحمت نہ فرمائیں۔ ورنہ قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور جرمانہ 15,000,00 (پندرہ لاکھ) روپئے عائد کیا جائے گا جو سال 2020ء کے لئے مختص ہوگا۔ یکم جنوری 2021ء سے اس جرمانے میں ہر سال ایک لاکھ روپئے کا اضافہ ہوگا۔

دستیابی

13-4-486 بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد۔500006۔

لاأبالی اکیڈمی بارگاہِ سرکارِ لاأبالی کرنول۔ کاظم سیریز حیدرآباد۔

عرشی کتاب گھر منڈی میر عالم، حیدرآباد۔ شیخ الاسلام لائبریری حیدرآباد

حسامی بک ڈپو مچھلی کمان حیدرآباد۔ مینار بک ڈپو نزد چار مینار، حیدرآباد۔

ہدیٰ بک ڈسٹریبیوٹرس پرانی حویلی حیدرآباد۔ ہمالیہ بک ڈپو نامپلی حیدرآباد۔

Digitized By eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitized by eGangotri

فہرست

نشان سلسلہ	عنوان	صفحہ
۱	کتاب کے متعلقات	2
۲	حقوق و دستیابی کے مقامات	3
۳	فہرست	4
۴	شروعات	5
۵	قطعہ تاریخ صفات	7
۶	حضرت فخرِ اولیاءؒ کے مختصر حالات	8
۷	آغاز سوانح حیات	10
۸	دارُالہدیٰ کی مطبوعات	32

Digitized By eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Literary Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Malik Saheb Digitization eGangotri

شروعات

الحمد لله احد الصمد الخالق. العالم النافع الرازق اشهد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ وھو رب المغارب والمشارق .واشھد ان سید نا و شفیعنا و حبیبنا و نبینا و مولانا محمد صلی اللہ علیہ و الہ و سلمَ و عبدہ ورسولہ نبی ارسلہ للانس والخلائق . وعلی الہ و ازواجہ و اصحابہ و زریتہٖ و اھل بیتہٖ و اولیاءِ امتہٖ ما لا ح بارق .

اما بعد.

یہ کتاب حضور فخر الاولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لاابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ العزیز کی منظوم سوانح عمری ہے جس کو استادِ سخن محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ نے بتاریخ ۲۱ رمحرم الحرام ۱۳۷۶ھ چہارشنبہ مطابق 1956ء کو زینتِ قرطاس کیا جو عارفؔ بیابانی صاحب کی اپنے پیر ومُرشِد سے بے پناہ عقیدت اور محبت کا بیّن ثبوت ہے۔

شاعر ومصنف محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ نے جو کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھا اُسے منظوم پیراہن اُڑھادیا۔

استادِ سخن محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ اپنے دور کے ممتاز ومشہور شاعر گزرے ہیں جو اپنے پیر ومُرشِد کی شان میں چار منظوم کتابیں مختلف ناموں سے تحریر کئے۔عارف بیابانی صاحب نے جتنا کلام اپنے پیر ومرشد کی شان میں لکھا وہ الحمدللہ محفوظ ہے مگر ان کا دوسرا کلام دستیاب نہ ہوسکا۔

مَیں نے اِس کتاب کا تاریخی نام ''شکر گزار ۔ ۱۴۴۱ھ'' رکھا۔

اِس میں جملہ اشعار کی تعداد ۱۴۹ ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qudrat Digitized by eGangotri

ہر کتاب کی طرح اس کتاب پر بھی میں نے تاریخی قطعہ تحریر کیا جس میں سنہ اشاعت ہجری ۱۴۴۱ھ اور عیسوی 2019 برآمد ہوتا ہے۔ فصیح اور فارسی الفاظ کی حل اللغات کی گئی اور جہاں عوام الناس کا املاء کے غلط پڑھنے کا اندیشہ تھا وہاں اعراب بھی لگا دیئے گئے تا کہ الفاظ صحیح پڑھے جا سکیں۔

مَیں شکر گزار ہوں برادران خرد سید عبدالمتعال قادری لا ابالی، سید عبدالمستعان قادری لا ابالی، سید عبدالمقسط قادری لا ابالی، سید عبدالمؤخر قادری لا ابالی کا جو وقتاً فوقتاً میری مدد کرتے رہے۔ اور جب کبھی تحریری کام کرتے کرتے تھک جاتا تو میرے فرزند سید عبداللطیف ثانی قادری لا ابالی، اور میرے بھتیجے بھتیجیاں بالترتیب مقدام، عمار، امامہ، مخف، امیرہ، دستگیر اطال اللہ عمرھم میرے پاس آتے اور کچھ دیر کھیلتے جس کی وجہ سے مَیں تازہ دم ہو جاتا اور پھر کام میں مصروف ہو جاتا۔

آخر میں مَیں شکریہ ادا کرتا ہوں محمد جاوید صاحب، محمد انور اللہ صاحب کا جو کتابت اور طباعت کے مراحل انجام دیئے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہم تمام پر رحم و کرم فرمائے اور مصنف مرحوم کی مغفرت فرمائے۔ آمین

از

ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب

۲ ربیع الثانی ۱۴۴۱ھ مطابق 30 نومبر 2019ء شنبہ

Digitized By eGangotri Sarayu Trust. Funding by MoE-IKS Hazrat Haadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheemin Qudsi Digitization eGangotri

قطعہ تاریخ۔ازمرتب

غرس تازہ ہے یہ پیارا شہِ عبدالرزاق

غم میں ہم کو ہے سہارا شہِ عبدالرزاق

یہ نظر پڑ گئی سجّاد ہوا شکر گزار

طرفہ انداز تمہارا شہِ عبدالرزاق

ہر مصرعہ کے سرِ حرف کے اعداد جمع کرنے سے 2019 نکلتا ہے۔

لفظ ' شکر گزار ' کے اعداد جمع کرنے سے ۱۴۴۱ھ برآمد ہوتا ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri

حضرت فخر اولیاءؒ کے مختصر حالات

پیر و مُرشد شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لاأبالی الجیلانی قدس اللہ سرہ کی ولادت تعلقہ ادونی ضلع کرنول میں ۵؍محرم الحرام ۱۳۰۶ھ مطابق ۴؍آبان ۱۲۹۷ف مطابق ۱۲؍ستمبر ۱۸۸۸ء یوم چہار شنبہ ہوئی۔

والد محترم کا نام حضرت سید شاہ غوث قادری لاأبالی الجیلانی اور والدہ محترمہ کا نام سیدہ خاتون صاحبہ بی بنت حضرت سید شاہ طاہر مجیدی ہے۔

حلیہ مبارک: متوسط قد، کشادہ و بلند پیشانی، ابرو غیر پیوستہ، بلندی بینی، آنکھوں کے نیچے حلقے، رنگ صاف ڈاڑھی غیر گنجان اور تھوڑی پر (دونوں گالوں پر ڈاڑھی کے بال بہت کم تھے)، گردن بلند، گھر میں ہمیشہ سفید کرتا پاجامہ زیب تن فرماتے اور کروشیا کی سفید گول ٹوپی پہنتے۔ نماز جمعہ کے لئے یا کسی تقریب میں جانے کے لئے کبھی عبا اور کبھی شایا استعمال فرماتے اور عمامہ باندھ کر کندھے پر تیلیہ رومال ڈالتے۔ بسا اوقات شیروانی بھی استعمال فرماتے۔

آپ کا سلسلہ نسب: آپ کا سلسلۂ نسب ۲۳ ویں پشت میں حضور غوث اعظم سیدنا شیخ عبدالقادرِ جیلانی سے اور ۳۴ ویں پشت میں حضرت سیدنا امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے ملتا ہے یہ شجرۂ نسب تذکرہ اجداد ہادی، عطائے عطا، اور تذکرہ فقیر میں موجود ہے۔

Hazrat Hadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudrat Digitization eGangotri

خوارق و کرامات: آپ کی کرامات بے شمار ہیں جن کا سلسلہ آج بھی جاری ہے جو تذکرہ فقیر میں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

سفر: اللہ رب العزت نے آپ کو حج بیت اللہ اور زیارت مدینہ منورہ کی سعادت سے مشرف فرمایا۔ یہ سفر بحری جہاز سے چھ ماہ سے زائد عرصے کا تھا۔ حج بیت اللہ کے علاوہ عراق، شام، اردن اور قبلۂ اول بیت المقدس (فلسطین) کا بھی آپ نے سفر فرمایا اور یہ بھی چھ ماہ کا سفر تھا۔ یہ دونوں بحری دلچسپ سفر نامے الحمد اللہ کتابی شکل میں دستیاب ہیں۔

وصال: سات ماہ علالت میں گزار کر ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۷۳ھ م ۱۸ ڈسمبر ۱۹۵۳ء بروز جمعہ بعد عصر مکان مسکونہ کی خانقاہ میں وصال ہوا۔ ۱۱ ربیع الثانی کو مسجد چوک میں بعد نماز ظہر نماز جنازہ ادا کی گئی اور بعد نماز عصر اندرون احاطہ درگاہ حضرت پتھر والے صاحب میں تدفین عمل میں آئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں مُریدین و معتقدین کا جمِ غفیر موجود تھا۔

جانشین: آپ کے بھتیجے حجۃ العلماء والمشائخ ہادیٔ دکن حضرت شاہ محی الدین قادری ہادی لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ (جنہیں آپ نے اپنی حین حیات ہی اپنا جانشین مقرر فرما دیا تھا) آپ کے جانشین، سجادہ نشین اور مسندِ رُشد و ہدایت سلسلۂ عالیہ قادریہ رزاقیہ لا ابالیہ پر جلوہ افروز ہو کر ۵۰ سال تک بندگان خدا کو راہِ ہدایت دِکھاتے ہوئے 450 تحقیقی کتب تصنیف و تالیف فرمائے۔

راقم الحروف: راقم الحروف (مرتبِ کتاب ھٰذا) حضرت ہادیٔ دکن ڈاکٹر سید شاہ محی الدین قادری ہادی لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ العزیز کا خلف اکبر و جانشین ہے۔

فقط مرتب

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qudrat Digitized by eGangotri

حضرت فخر الاولیاء.....کی منظوم سوانح حیات

جھومتے تھے ہر طرف فرطِ مسرت سے شجر
کیف کے عالم میں تھے بے خود ادونی کے حجر

جس طرف دیکھو نظر آتی تھی ہر اک شئے حسین
تھا ہر اک منظر ادونی کا نہایت دل نشین

سارے خطے میں مُہیّا عیش کے سامان تھے
ساکنانِ قصبہ بے حد خوش تھے، پُر ارمان تھے

دن پھرے کُلفت[1] کے، راحت کا زمانہ آگیا
لو ادونی کی زمین پر اک خزانہ آگیا

مژدہ ہو، وہ ساعتِ مسعود تر آہی گئی
اور ادونی گوہرِ مقصود کو پا ہی گئی

سال نو تیرہ سو چھ[2] ہجری کا جب آغا تھا
اور اِس سنہ پر ادونی والوں کو بھی ناز تھا

باعثِ برکت مہینہ تھا محرم کا عظیم
رحمتیں کرتا ہے نازل اس میں مولائے کریم

---

(۱) غم۔تکلیف۔ (۲) ۱۳۰۶ھ۔

Digitized By eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudsi Digitization eGangotri

اِس مہینے کے فضائل ہیں کثیر و بے حساب
یہ مہینہ بے شبہ رکھتا نہیں اپنا جواب

اِس مہینے کو مہینوں پر فضیلت مِل گئی
ابنِ حیدر کی شہادت سے ہی حُرمت مل گئی

کیا لکھے اس ماہ کی تعریف کو کوئی قلم
جس قدر توصیف کی جائے بیان اِس کی ہے کم

پانچویں[1] تاریخ تھی ماہ محرم کی سعید
ھاتفِ غیبی نے دیدی پھر زمانے کو نوید

چہارشنبہ تھا مبارک دن تھا ' تھا وقت سعود
ہوگیا دنیا میں اک پیرِ طریقت کا وُجُود

صاحبِ ادراک و عرفاں ' صاحبِ فہم و شعور
سینۂ ارضِ ادونی پر تھا فرمایا ظُہور

پھر ادونی کے مکینوں کے مقدر جاگ اُٹھے
رہبرِ راہِ طریقت ' جو یہاں پیدا ہوئے

(۱) ۵ محرم الحرام ۱۳۰۶ ہجری۔ تاریخ و ماہ و سنہ ولادت حضرت فخر اولیاء سید شاہ عبدالرزاق قادری لاأبالی الجیلانیؒ۔

Hazrat Hadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qudrat Digitization eGangotri

تیری عظمت بھی فزوں ہے اے ادونی کی زمیں
خاک سے تیری اُٹھے ہیں سینکڑوں علّامِ دیں

صاحبانِ علم و عرفان اِس نے دنیا کو دئے
خاندانِ غوثِ اعظمؓ کے گُہر(۱) پیدا کئے

مرکزِ افکارِ ھذا تھا تیرا سچا سپوت
جس نے طاری کردیا اغیار پر کامل سکوت

آپ کی آمد سے آباء آپ کے مسرور تھے
آپ ہی ماں باپ کی آنکھوں کا گویا نور تھے

آپ کے والد ادونی میں بہت ممتاز تھے
ماہرِ عِلم طریقت ، موجبِ صد ناز تھے

نام ، غوث پاکؓ کا تھا آپ کے والد کا نام
وہ تصوف میں بھی رکھتے تھے بہت اونچا مقام

یعنی تھا اسم مبارک اُن کا سید شاہ غوثؒ(۲)
اُن کی دنیا میں رہیں خدمات بے غایت و لوث

---

(۱) ہیرا ، موتی۔ (۲) اسمِ والدِ محترم حضرت فخر اولیاءؒ۔

Digitized By eGangotri Hazrat Haadi-E-Deen Academy & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mo'min Quadri Digitization eGangotri

آپ پر اہل ادونی تھے دل و جاں سے فدا
آپ بھی ان کے تھے سچے دستگیر و رہنما

اب سناتا ہُوں میں یہ پیر طریقت کا بیاں
لکھ رہا ہوں جس کی عالی شان ہے یہ داستاں

آپ کمسن تھے ابھی، پیدا ہُوا پڑھنے کا شوق
کیوں نہ ہو ورثے ہی میں پایا تھا علمِ دیں کا ذوق

آپ نے کی ابتداء تھی شوق سے تعلیم کی
تاکہ حاصل ہو سکے عزت اِنہیں اِقلیم کی

سامنے والد کے زانوئے ادب تہہ کردیا
ابتدائی درس اپنے پدر امجد سے لیا

علمِ روحانی و قرآنی کئے اِن سے حصول
بن گئے وہ گلشنِ عرفاں کے اک شاداب پھول

وہ ادونی میں ہی اپنا فیض پہنچاتے رہے
تشنگانِ علم کو سیراب فرماتے رہے

Hazrat Hadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad. CC-0. eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahman Hyderabad Digitization eGangotri

اِس دکن کی سر زمیں سے آپ کو نسبت تھی خاص
سبزی منڈی کے محلے سے بھی اک الفت تھی خاص

آپ کے تایا جو تھے پرہیزگار و متقی
خاص کیفیّت تھی اِن میں اور تھی حق آگہی

فیض سے اُن کے متمتع تھے سارے ہم نشیں
فیض سے شاداب تھی اُن کے دکن کی سرزمیں

صاحبِ کشف و کرامت ، حاملِ اسرار آپ
صاحبِ اَذکار بھی اور صاحب کردار آپ

نام تھا ممدوح کا عبداللہ شاہِ قادریؒ(۱)
تھی دکن میں عام جن کی شان غربا پروری

سبزی منڈی میں خلافت پر متمکن تھے وہ
قطب دوراں اور وتد دکن ، محسن تھے وہ

والد ماجد کے ساتھ ہر سال پابندی ہی سے
حیدرآبادِ دکن ہر سال آتے ہی رہے

---

(۱) پیر و مُرشِد و تایا محترم حضرت فخر اولیاء قدس اللہ سرہٗ۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Trust & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qudsi Digitization eGangotri

شاہ عبداللہؒ نے ، کی تھی وصیّت بالیقین
یعنی اپنے بھائی کے فرزند ہی ہو جا نشین

اُٹھ گئے دُنیا سے جب وہ پیر کامل آہ آہ
شہسوارِ جادۂ عرفاں ، وہ عبداللہ شاہؒ

اس مقدس ذات کے فرمانِ الفت کے تحت
اک جلیل القدر ہستی کی وصیّت کے تحت

معتقد خُدام نے فرمان کی تعمیل کی
اس وصیت کی بلا چُوں و چَرا تکمیل کی

آپ کے خدام نے نامہ ادونی کو لکھا
جو بہت پُر دَرد تھا اور تھا عقیدت سے بَھرا

اِس ضمن میں جو وصیّت تھی خدا کے دوست کی
ساری کیفیّت محبت نامہ میں مرقوم تھی

پیر و مرشد سے مخاطب یوں ہوئے سارے مُرید
آپ کی قربت سے اب تو ہو رہے ہیں ہم بعید

Hazrat Hadi-E-Deccan Digital Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahman Mohsin Quadri Digitized by eGangotri

خادموں کا آپ کے کوئی نہیں پُرسانِ حال
سخت مشکل ہو رہا ہے زندگانی کا سوال
اب نظر آتی نہیں ہے چین کی صورت کوئی
وہ نہیں منظور تھی جس کو ہماری دِلدِہی(۱)

ہم پریشاں ہوتے جاتے ہیں یہاں پر سر بسر
آپ ہی فرمایئے آقا کہ ہم جائیں کدھر؟
اے شہِ عالی گُہر ' اے صاحبِ روشن ضمیر!
آپ کے عِلم و تقدس کی نہیں کوئی نظیر
مشکلوں نے خادموں کو آپ کے رکھا ہے گھیر
پیر و مرشد کیجئے ہرگز نہ اب آنے میں دیر
محفلیں سونی پڑی ہیں آپ گرما جایئے
منتظر ہیں سینکڑوں آجایئے آجایئے

جب ملا حضرت کو نامہ جو بہت تھا پُر مَلال
اپنے تایا کا تھا جس میں مندرج ذکرِ وصال

---

(۱) تسلی۔

Hazrat Hasdi-E-Deccan Digitized By eGangotri Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudrat Digitization eGangotri

ضبط فرمایا ، خبر دیکھی جو غم کی آپ نے
اور پھر خدام پر نظرِ کرم کی آپ نے

اپنے تایا کی وصیّت آپ کو منظور تھی
آپ نے اپنے وطن سے پھر دکن کی راہ لی

آپ نے خویش(۱) و اقارب کو خدا حافظ کہا
واقعی یہ کام بھی مضبوط دل کا کام تھا

غمزدہ ، غمگین ہوکر آپ نے چھوڑا وطن
پیر و مرشد ہوگئے پھر رونق افزائے دکن

آپ نے جونہی قدم رکھا دکن میں بامَرام(۲)
ہوگئے خدام سارے شادمان و شاد کام

پیر کی تھی اُن کے دل میں چاہ و عزت بے پناہ
تھے بہت خوش کر رہے تھے دیدہ و دل فرشِ راہ

اِن کی تقریبِ خلافت کا ہُوا پھر اہتمام
پایۂ تکمیل کو تا جلد پہونچے نیک کام

(۱) رشتہ دار۔ (۲) مقصد۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudri Digitization eGangotri

منہمک تھا کام میں ہر اک قوی و ناتواں
ناز اپنے بخت پر کرتا تھا ہر پیر و جوان
معتقد حضرت کے جو تھے، سب جمع ہونے لگے
اپنے اپنے مضطرب دل کی تسلی کے لئے
صاحبِ اسرار، عالی ظرف وہ عالی مقام
خانقاہِ پاک میں آئے بصدِ احترام
مسندِ تختِ خلافت پر وہ بٹھلائے گئے
پیشرو حضرت کے فرمودات سُنوائے گئے
آپ کو خرقہ خِلافت کا جو پہنایا گیا
تھا اثر انگیز منظر بے شبہ اُس وقت کا
سَر پہ دستارِ فضیلت جس گھڑی رکھی گئی
مِٹ گئی خدام کے دل سے یکایک بیکلی
پیر تھے تختِ خلافت پر مکین و جلوہ گر
ہو رہا تھا آپ کا ہر معتقد مسرور تر

Hazrat Haadi-E-Deccan Literary & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mo'min Quadri Digitization eGangotri

ہاتھ پر حضرت کے سب نے با مسرت با خوشی
اپنے اگلے عہد و پیماں کی غرض تجدید کی

الغرض انجام کو پہونچی یہ تقریبِ سعید
معتقد خدام کو یہ دن تھا گویا روزِ عید

کیا بیاں کوئی کرے گا آپ کے اعلیٰ صفات
مشغلہ ہے آپ کا دن رات کا صوم و صلوٰۃ

آپ احکامِ شریعت کے بہت پابند ہیں
فیض پاتے آپ سے، جو لوگ حاجت مند ہیں

اپنے خویش و اقرباء کو آپ کی تلقین تھی
دین کے احکام کی شدت سے ہووے پَیروی

آپ کرتے ہیں مریدوں کو ہدایت بار بار
وہ رہیں قائم شریعت پر رکھیں دیں برقرار

آپ کو ہر ایک کی عزت تھی پیاری اور پسند
آپ سے پہونچی نہ دشمن کو بھی ایذا و گزند(۱)

---

(۱) چوٹ، مصیبت، رنج۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Trust Digitized By eGangotri Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qudrat Digitization eGangotri

آپ کو دنیا کے کاروبار ہی بہاتے نہیں

گھر کے باھر اس لئے حضرت کہیں جاتے نہیں

گھر میں مسجد ہے عبادت سے غرض ہے، آپ سے

طئے ہُوا کرتے یہیں پر ذکرِ حق کے مرحلے

مکہ مسجد آپ جایا کرتے ہر جمعہ کے روز

تاکہ ہوجائے ادا ان کی نمازِ جاں فروز

مانتے ہیں اس مبارک دن کو ، سارے اہل دین

در حقیقت یہ مبارک دن ہے عیدالمومنین

مونس و غمخوار و ہمدرد و سخی ، بیکس نواز

پیر و مرشد حضرت ممدوح پھر بعدِ نماز

لَوٹتے تھے اپنے گھر کو جب وہ پیرِ خوش خصال

دیکھتے آتے تھے وہ بازار کی چیزیں و مال

آپ کو ہوتی ضرورت گر کِسی بھی چیز کی

اِس کی اچھائی بُرائی کو پرکھتے واقعی

Hazrat Haadi-E-Deccan Digitized By eGangotri Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Quadri Digitization eGangotri
Syed Abdul Rahim Quadri Digitization

پیر و مرشدؒ کو اگر منظور ہوجاتی وہ شئے
آپ لے لیتے مسرت سے بلا جھجکے اسے

رہنمائے راہِ عرفاں اور پیرِ با صفا
ساتھ ہی فرماتے اپنی چیز کی قیمت ادا

آپ کی جود و سخا داد و دہش تھی اَوج پر
مستحق اصحاب کو دیتے تھے جو جی کھول کر

بے موقع خرچ سے بھی آپ بچتے ہیں سدا
اس طرح کا بَیر ہی اسراف سے حضرت کو تھا

آپ کو فَقر و توکل ہی بہت محبوب ہے
دولتِ دنیا سے دل حضرت کا بس مجوب ہے

آپ قانع ہی رہے قدرت پہ اپنی عمر بھر
آپ تھے دنیا کے جھگڑوں سے بہت ہی با خبر

آپ پہونچے نہ کہیں لے کر عرض دربار میں
ہاتھ بھی اپنے نہ پھیلائے کسی سرکار میں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qudrat Digitization eGangotri

آپ کو تھی نہ کچہری نہ عدالت سے غرض
آپ رکھتے تھے فقط حق کی محبت سے غرض

آپ کا فقر و قناعت دہر میں مشہور ہے
سادگی کا آپ کی چرچا قریب و دُور ہے

شہر میں دیہات میں اُن کے ہزاروں ہیں مرید
معتقد ہیں سینکڑوں افراد نزدیک و بعید

آج سے پہلے کوئی یہ تیس اور پینتیس سال
پیر و مرشد منبعِ رُشد و ہدایت با کمال

حج کعبہ کا فریضہ بھی ادا فرماچکے
اور مقاماتِ مقدس کو بھی حضرت جاچکے

آپ کے ہمراہ پیرانی ماں قبلہ بھی تو تھیں
وہ بھی کعبے کی زیارت سے فارغ ہوچکیں

ہیں الگ تصنیف میں لیکن بڑی تفصیل سے
سارے حالاتِ سفر لکھے ہوئے ہیں دیکھئے

Digitized By eGangotri Sarayu Trust. Hazrat Haadi-E-Deccan Library, Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Salman Qudsi Digitization eGangotri

آپؒ کو اللہ نے اولاد بھی کوئی نہ دی[1]

آپؒ نے اس کی شکایت اپنے مولا سے نہ کی

آپؒ نے سمجھا مریدوں کو ہی سب اپنے پسر

جن کی الفت میں تھے سرگردان حضرتؒ عمر بھر

سال میں دو مرتبہ حضرت کا یہ معمول ہے

جو نہایت ہی مناسب اور بہت معقول ہے

عرس وہ اپنے بزرگوں کا کیا کرتے ضرور

جس کی غایت شان دکھلاتی نہ ہے اور نہ غرور

پُخت و پز کا اچھے پیمانے پہ ہوتا انتظام

سَیر ہوتے جس سے غرباء و مساکیں صبح و شام

اِس کے صرفے میں کسی امداد کے طالب نہیں

اور مریدوں سے بھی ہرگز آپ کچھ لیتے نہیں

عرس کے پورے مصارف کا اِنہیں پر بار ہے

ایک حبہ بھی کسی سے اِن کو لینا عار ہے

---

(۱) حضرت فخر اولیاءؒ کو کوئی اولاد نہیں تھی اس لئے اپنے بھتیجے حضرت ہادیٔ دکنؒ کو اپنا جانشین و سجادہ نشین مقرر فرمائے۔

Hazrat Hadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qudrat Digitized by eGangotri

آپؐ اخلاقِ مجسم ہیں سراسر دہر میں

آپؐ کے کردار ہیں سب پر منور دہر میں

غیظ و غصے سے سدا ہی آپؐ کو پرہیز ہے

آپؐ کا دل ہر گھڑی رہتا ہی درد انگیز ہے

آپؐ ہر چھوٹے بڑے سے عجز سے ملتے رہے

اور دل سے سب کی ہی توقیر وہ کرتے رہے

صبر کا بھی مادہ ہے آپؐ میں حد سے سوا

سہتے غم ہائے زمانہ اور نہ کرتے اُف ذرا

خوف سے اللہ کے بھی آپؐ لرزاں ہی رہے

اور مخلوقِ خدا پر بھی مہرباں ہی رہے

حضرت والاؒ ہیں بے حد نیک، بے حد پاکباز

اور بدی سے آخری دم تک رہا ہے احتراز

آپؐ خوش اخلاق، خوش دل، خوش مزاج و خوش خصال

آپؐ نے دنیا کے آگے چھوڑ دی اپنی مثال

Hazrat Haadi E Deccan Trust & eGangotri Initiative, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

پیر و مرشد صاحبِ کشف و کرامت محترم

زندگی کی آخری منزل میں جب رکھے قدم

سینکڑوں ارماں مچلنے لگ گئے تھے قلب میں

کہ زیارت وہ مقاماتِ مقدّس کی کریں

آپؒ کو رہتی تھی روز و شب یہی اک جستجو

حق تعالیٰ آپ کی پورے کرے یہ آرزو

ہوگیا آخر کو ان کا مدعائے دل ' حصول

ربِّ دو عالَم نے اِن کی یہ دعا کرلی قبول

حضرت ممدوح پھر تو ہوگئے مسرور تر

اور باندھا آپؒ نے عجلت سے ہی رختِ سفر

آپؒ پہونچے سب سے پہلے گلشنِ بغداد میں

یعنی علمِ معرفت کے معدن بغداد میں

ہیں جہاں آرام فرما جد اعلیٰ ؓ آپؒ کے

یعنی غوث پاکؒ جو ہیں فیض فرما آپؒ کے

Hazrat Hadi-E-Deccan Trust Library & Research Institute, Hyderabad.

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitized by eGangotri

آپ اِس دربارِ عالی کے موظّف ہوگئے
غوث اعظمؒ کی زیارت سے مشرّف ہوگئے
پھر وہاں سے لے گئے تشریف حضرتؒ کربلاء
استراحت فرما ہیں جس میں امامِ شہداءؑ
جن کے باعث ہوگئی بنیادِ دیں مضبوط تر
کی زیارت ان کی بھی ممدوحؒ نے دل کھول کر
آپؒ نے پھر کاظمَینِ پاک کی بھی راہ لی
کی زیارت آپ نے اسلام کے قمَرینؒ(۱) کی
پھر گئے آرام گاہِ ضیغم حقؒ(۲) کی طرف
جس مقام پاک کا نامِ مبارک ہے نجف
حیدرِ کرارؑ کی جو کی زیارت آپ نے
آئینے کو دل کے، دی عرفاں سے زینت آپ نے
آپ نے پھر راستہ بیت المقدس کا لیا
جس جگہ آرام فرماتے ہیں اکثر انبیاءؑ

(۱) دوچاند۔ سیدنا امام موسیٰ کاظم و سیدنا امام محمد تقی علیہما السلام۔ (۲) حق کے شیر، شیرِ خدا۔

Hazrat Haadi Pasha Collection & Research Institute, Hyderabad.

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mo'min Quadri Digitization eGangotri

آپ نے کرلی زیارت انبیائے پاک ؑ کی
ہے فضیلت بھی بڑی اِس ارض کی، اِس خاک کی

گر کسی کو پوری رودادِ سفر ہی چاہیے
وہ الگ تصنیف ہے، اُس کو لے کر دیکھ لے

اِس سفر سے حضرت ممدوحؒ جب واپس ہوئے
اپنے دل میں معرفت کے نور کا دریا لئے

ناگہانی آپ پر فالج کا اک حملہ ہُوا
حق تعالیٰ شانہ، کو ایسا ہی منظور تھا

اولاً جس سے متاثر ہوگیا اِن کا دماغ
معرفت کا جھلملانے لگ گیا گویا چراغ

بعد میں آیا زباں پر موذی فالج کا اثر
جس سے لکنت ہوگئی پیدا زبانِ پاک پر

ہوگئی تھی آپ کی حالت بہت ہی زار زار
جزب کی حضرت پہ حالت طاری رہتی بار بار

Hazrat Hadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahman Hyderabad Digitization eGangotri

تھے پریشان اقرباء اور آپ کے سارے مرید
ہوگئی حالت مرض کی آپ کے، بے حد شدید

مِل گئے پھر ایک کہنہ مشق اور حاذق طبیب(۱)
کیوں نہ ہوتا فضل جب تھا مہرباں رب مجیب

پھر مَرَض میں آپؒ کے تھوڑ افاقہ ہوگیا
اور لوگوں کے دِلوں سے دُور خدشہ ہوگیا

یک بیک پھر ہوگیا منحوس فالج کا اثر
ایک بائیں ہاتھ پر اور ایک بائیں پاوں پر

آپؒ اِس حالت میں بھی رہتے تھے پابندِ نماز
سامنے اللہ کے جھکتا آپؒ کا فِرق نیاز

آپؒ سے اس حال میں گرچہ وضو ممکن نہ تھا
آپؒ کرتے تھے تیمّم پر ہی لیکن اِکتفا

آپؒ بالکل ہوگئے تھے گرچہ معذور و حزیں
پر بجا لاتے رہے احکامِ ربُّ العالمیں

---

(۱) حیدرآباد کے مشہور و معروف ڈاکٹر منان صاحب جن کا سارا خاندان حضرت فخر الاولیاء کا مُرید ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mo'min Quadri Digitization eGangotri

آپؒ کی تقدیر کا لکھا ہُوا وقت آگیا
دیکھتے ہی دیکھتے پھر آخری وقت آگیا

وہ مبارک ماہ بھی تو ربیع الثانی کا تھا
جس کی عظمت ہے زیادہ اور فضیلت ہے سِوا

اور تھی تاریخ بھی گیارہ بہت مسعود تر
جس کی وقعت جانتے ہیں اہلِ دل، اہلِ نظر

غوثِ اعظمؓ کی اسی تاریخ کو رحلت ہوئی
صاحبِ تقدیر کو ملتی ہے یہ تاریخ بھی

یعنی تیرہ سو تہتر ہجری(۱) کا تھا نیک سال
جب ہوئے دنیا سے رخصت پیر و مرشد خوش خصال

حیف ہے، دنیا سے اک وہ پیر کامل اُٹھ گئے
چھوڑ کر محفل کو وہ مختارِ محفل اٹھ گئے

سبزی منڈی میں ہے واقع پیر و مرشد کا مزار
ہے سدا جس پر برستی رحمتِ پروردگار

---

(۱) وصال ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۷۳ھ بعد نماز ظہر۔ تدفین ۱۱ ربیع الثانی ۱۳۷۳ھ بعد نماز عصر۔

Hazrat Haadi E-Deccan Literature & Research Institute, Hyderabad.

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qudrat Digitized by Sahil Ahmed Khan Digitization eGangotri

آپؒ کے دربار سے پائے ہزاروں فیض و لطف
آج بھی پاتے ہیں، یاں سے ہزاروں فیض و لطف

جذب کے عالم میں رہتے وہ ہمیشہ ہی حضورؒ
آپؒ سے ہوتا رہا کشف و کرامت کا ظہور

آپؒ کے جود و سخا کا، آپؒ کے فیضان کا
آپؒ کے علمِ تبحّر، آپؒ کے عرفان کا

آپؒ کی فہم و ذکا کا، آپؒ کے اعمال کا
آپؒ کے اقوال کا اور آپؒ کے افعال کا

آپؒ کے اخلاق کا اور آپؒ کی عادات کا
آپؒ کے اوصاف کا اور آپؒ کی ہر بات کا

چاہتے ہو جاننا ہی پورا پورا گربیاں
قارئین سن لیجئے گا آپ بے وہم و گماں

آپؒ کو مل جائے گا گر آپ تھوڑا دھیان دیں
یعنی کچھ دے کر توجہ جستجو سے کام لیں

Hazrat Haadi-E-Deccan Digitized by eGangotri Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudsi Digitization eGangotri

پوری پوری درج ہے تفصیل ان احوال کی
جو الگ تصنیف ہی میں آپ کو مل جائے گی

ان دنوں حضرت کے سجادہ حسن پاشاہ[1] ہی ہیں
معتقد خدام کے پشتِ پناہ یہ ہی ہیں

اب محی الدین حسن پاشاہ ہیں سجادہ نشین
جو مریدوں کے ہیں ہادی اور مرشد بالیقین

یہ دعا عارفؔ کی ہے اب تجھ سے ربُّ العالمین
پیر کے صدقے میں دے دے نعمتِ دنیا و دیں

☆☆☆☆

محمد خواجہ معین الدین عارف بیابانی عارفؔ
حیدرآباد دکن
۲۱ر محرم ۱۳۷۶ھ روز چہارشنبہ

---

(۱) حضرت فخر اولیاء قدس اللہ سرہ کے جانشین وسجادہ نشین حکیم وڈاکٹر حجۃ العلماء و المشائخ ھادیٔ دکن سید شاہ محی الدین قادری ھادی لا اُبالی الجیلانی المعروف حسن پاشاہ قدس اللہ سرہٗ العزیز. راقم الحروف کے والدِ محترم و پیر و مُرشد.

Digitized by eGangotri Hazrat Haadi-E-Deccan Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudrat Digitization eGangotri

فہرست مطبوعات دار الہدیٰ

حضرت فخر اولیاءؒ ۔ حضرت فخر اولیاء سید شاہ عبد الرزاق قادری لا ابالی فقیر قدس اللہ سرہٗ

حضرت ہادیٔ دکن ۔ حضرت ہادیٔ دکن سید شاہ محی الدین قادری ہادی لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ

مرتب۔ ڈاکٹر سید عبد المہیمن قادری لا ابالی الجیلانی سجادؔ عفی عنہ

نشان سلسلہ	نام کتاب	مصنف / مؤلف	سنہ اشاعت ہجری	سنہ اشاعت عیسوی	کیفیت
۱	راہ جنت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۵	ڈسمبر 1945	طبع اول
۲	گلشن نعت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۷	نومبر 1947	طبع اول
۳	روزمرہ کی دعائیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۳۸۳	جنوری 1964	
۴	تعمیرؤ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	محرم الحرام ۱۳۸۵	مئی 1965	
۵	گلشن نعت	حضرت فخر اولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۸۸	اپریل 1968	طبع ثانی
۶	نماز کا صحیح طریقہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۳۹۳	مئی 1973	
۷	گیارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولی ۱۴۰۰	اپریل 1980	
۸	بارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۰	مئی 1980	

CC-0. Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudrat Digitization eGangotri

۹	شرح المطالعۃ السعودیہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۰	مختارات الادب	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۱	مواعظ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۰۹	ڈسمبر 1988	
۱۲	صوتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۱۰	ڈسمبر 1989	
۱۳	مختصر حالات اولیائے حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1980	
۱۴	مختصر احوال علماء اولیاء حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1990	
۱۵	مختصر تاریخ ادب عربی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲	نومبر 1991	
۱۶	تذکرہ اجدادِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳	نومبر 1992	
۱۷	گلدستۂ نعت و منقبت	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ذی الحجہ ۱۴۱۳	جون 1993	گلدستہ
۱۸	صوفی صفات صحابہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۴	ڈسمبر 1994	
۱۹	تربیتی و اصلاحی دروس	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۵	ڈسمبر 1994	
۲۰	نقشِ تابندہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۶	نومبر 1995	
۲۱	مجلہ قادریہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷	ستمبر 1996	

Hazrat Haadi-E-Deccan Digitized by eGangotri Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qudrat Digitization eGangotri

۲۲	تحیاتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۷	ڈسمبر 1996	
۲۳	خیر البشر رسولؐ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۸	ڈسمبر 1997	
۲۴	فواصلِ قرآن	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۹	ڈسمبر 1998	
۲۵	حدیقۃ ہادی الہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۲۰	نومبر 1999	گلدستہ
۲۶	قرآنِ حکیم اور کمپیوٹر	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع المنور ۱۴۲۱	جون 2000	
۲۷	عطائے عطا	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۲۲	جولائی 2001	
۲۸	صد پارۂ دل	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۲	ڈسمبر 2001	
۲۹	فاخر فقیر	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۲۳	جولائی 2002	
۳۰	زکوٰۃ کے آسان مسائل	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۳	نومبر 2002	
۳۱	حلال وحرام	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۴	دسمبر 2003	
۳۲	طیباتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۵	جون 2004	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudrat Digitization eGangotri

۳۳	ہادی القرآن	حضرت ہادیؒ دکنؒ	ذوالحجہ ۱۴۲۵	فروری 2005	
۳۴	قرآن عزیز اور میڈیکل سائنس	حضرت ہادیؒ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶	جون 2005	
۳۵	شاگردانِ ہادی	حضرت ہادیؒ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۶	اکتوبر 2005	
۳۶	بزمِ قادریہ ۱۳۲۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۲۷	جون 2006	گلدستہ
۳۷	لفظ لفظ لولوٗ	حماد پاشاہ و مقداد پاشاہ (مرتبین)	ربیع الثانی ۱۴۲۸	مئی 2007	
۳۸	گلدستہ محامد اولیاء ۱۳۲۸ھ	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸	جون 2007	گلدستہ
۳۹	بزمِ قادریہ ۱۳۲۹ھ	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۹	مئی 2008	گلدستہ
۴۰	مناقب غوث الثقلینؓ	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۰	اپریل 2009	
۴۱	مدحِ غریب نواز	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱	اپریل 2010	
۴۲	غمامِ رحمت	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۲	اپریل 2011	مناقب سرکار ابالیؒ
۴۳	شعر شعر شبنم	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	ذوالحجہ الحرام ۱۴۳۲	نومبر 2011	

Hazrat Naadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qadri Digitization eGangotri

۴۴	نگارشاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۵	سوغاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۶	لطائفِ مہیمن	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۷	گلستانِ محمدی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۸	گلدستہ قادریہ ۱۳۳۴ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۹	خیابانِ قادریہ ۱۳۳۴ھ+۱۴۳۴	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵	مارچ 2014	گلدستہ
۵۰	جواہر قادریہ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵	فروری 2014	گلدستہ
۵۱	چمنستانِ قادریت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶	فروری 2015	گلدستہ
۵۲	دُرِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ربیع الثانی ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۳	گلدستہ قادریہ ۱۳۳۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۴	گلدستہ قادریہ لا ابالیہ ۱۳۳۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mo'min Quadri Digitization eGangotri

۵۵	ارشادات قبول (قادری)	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ذوالحجہ الحرام ۱۴۳۷	ستمبر 2016	
۵۶	غرس	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۸	جنوری 2017	گلدستہ
۵۷	غاسق	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۹	جنوری 2018	گلدستہ
۵۸	باقۃ المہیمن (خرد)	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	۱۲ ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۰ نومبر 2019	
۵۹	خوارقِ عظمت اللہی (قادری)	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	۱۴ ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۳ نومبر 2019	ناشکاے اردو
۶۰	صندل	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	گلدستہ
۶۱	راہ جنت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	طبع ثانی
۶۲	غیم غوثِ صمدانی قصیدہ غوثیہ کا منظوم ترجمہ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ
۶۳	طرب رحمانی دعاے سُریانی کا منظوم ترجمہ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ
۶۴	یاجیلانیؒ مناقب غوث اعظمؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ

Hazrat Hadi-E-Deccan Digital Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Qudrat Digitized by eGangotri

۶۵	مناقبِ قطبِ دوراںؒ	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۴ھ
۶۶	تکبر اور اُس کا سباب	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۶۰ھ
۶۷	گلشنِ نعت	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۶۷ھ
۶۸	کلیاتِ فقیرؒ	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	
۶۹	نصرتِ اثر منظوم سراپا۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر 1956ء/۱۳۷۶
۷۰	شکر گزار منظوم سوانح۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر 1956ء/۱۳۷۶
۷۱	فخرِ گلستان۔ منظوم کرامات۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر 1956ء/۱۳۷۶
۷۲	تخیلات عرض داشتِ قمر	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر 1956ء/۱۳۷۶
۷۳	مُرتاض مناقب فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر 1956ء/۱۳۷۶
۷۴	طشت از کار	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	
۷۵	باقۃ المہیمن برائے واٹس	ڈاکٹر سید عبدالہ یمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Malik Hyderabad Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

Manzoom Sarapa

Hazrat Fakhre Aouliya

Syed Shah Abdul Razzaq Quadri Laoubali

Al-Maroof Patthar Wale Saheb (Rh)

SHUKER GUZAAR

Auther

Mohammed Khaja Moinuddin Arif Biyabani Arif

Since writing 11\Safar 1376 Hijri, 1956 Ad

Murattib

Qitmeer-e-Ghous-e-Azam wa Lateef-e-Laobali

Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri

Laoubali Al-Jilani Sajjad

Sjaadah Nasheen Bargah Hazrat Patther Wale Saheb

Mustaidpura Karwan, Hyderabad (INDIA)

Zer-e-Ehtemaam

Al-Haj Syed Abdul Musta'an Quadri

Laoubali Al-Jilani Mohiuddin Pasha

Hazrat Haadi-E-Deccan Library, Deccan Institute, Hyderabad